
www.novelsclubb.com
حیانور
Creations
آزمائش
ناولز کلب
ازقلم:فریحہ کنول
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# آزمائش

## از قلم

## فریحہ کنول

www.novelsclubb.com

" پریشان نہیں ہونا، یہ وقت جلد ہی کٹ جائے گا"۔ماں نے تسلی سے انداز میں اپنے پندرہ سالہ بیٹے کو دلاسہ دیا۔

"ہاں، وقت کا کام کٹنا ہے، مگر ہم مسلمان ہیں اور مسلمان تو جسد واحد کی طرح ہوتا ہے ناں ماں جب کسی ایک کو تکلیف ہو تو باقیوں کی روح بھی کانپ اٹھتی ہے" بیٹے نے گہری سوچ سے انداز میں جواب دیا۔

"ہاں بیٹے، مسلمان ایسے ہی ہوتے ہیں۔"ماں نے خاموش انداز میں کہا۔

"تو پھر ماں، ہماری تکلیف کسی کو نظر کیوں نہیں آرہی ماں۔۔۔"اس بار آنکھوں میں کرب تھا۔

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بیٹے کیا معلوم وہ بے چین ہوں، مگر ہماری طرح بے بس ہوں۔۔"ماں نے آنسو جزب کرتے ہوئے کہا۔

لیکن ماں۔۔۔۔"اور بات اُدھوری چھوڑ دی۔"

لیکن کیا بیٹے؟"ماں نے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے پوچھا۔"

کیا وہ ہم سے زیادہ بے بس ہیں ماں؟"اس نے معصومیت سے پوچھا۔"

شاید۔۔۔۔"اور ایک دم خاموشی چھا گئی۔"

..............................

امی دعوت کا سب سامان مکمل ہے کیا؟"احمد نے کچن میں کھڑی ماں سے لوچھا۔"



WWW.NOVELSCLUBB.COM

FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہاں بیٹے، سب موجود ہے بس کوک رہ گئی وہ لے آنا۔ "ماں نے مصروف انداز میں جواب دیا۔"

اچھا ماں، میں ابھی دیکھتا ہوں۔ "احمد نے تعبداری سے کہا۔"

امی مگر وہ تو اسرائیل کی پراڈکٹ ہے۔ "آمنہ نے دوٹوک انداز میں کہاں۔"

"بیٹا تو اب ہماری چند بوتلوں سے کیا ہو گا۔۔"

امی وہ چند بوتلیں نہیں، گولیوں کا انتظام ہے۔ "آمنہ نے اسی انداز میں جواب دیا۔"

اچھا بی بی، تم نہ پینا، رکھو تم بائیکاٹ، جیسے بائیکاٹ سے کچھ ہو گا ادھر۔ "احمد نے الجھن سے کہا۔"



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

مگر قطرہ، قطرہ ہی دریا بنتا۔۔،اچھا بہن تم کام کرو بعد میں بنانا دریا۔"احمد نے آمنہ کی بات" کاٹتے ہوئے جواب دیا۔اور وہ ہاتھ مسلتی رہ گئی۔

.......................

ماں اللہ نے یہ آزمائش ہمارے ہی حصہ میں کیوں لکھی ہے"پندرہ سالہ بچے نے سوال کیا۔"

بیٹے آزمائش بھی ہر کسی کے نصیب میں کہاں ہوتی ہے، یہ تو ان کے نصیب میں ہوتی ہے" جنہیں وہ چن لیتا ہے۔"ماں نے مسکرا کے جواب دیا۔دور کہیں سے بم کی ہلکی سے آواز گونجی ۔ماں بیٹے اسی سکون سے بیٹھے رہے، کیونکہ شاید یہ ان کے لیے ہر وقت کا تھا۔

"مگر ماں، یہ پھر بھی صرف ہمارے حصے میں ہی کیوں۔"

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بیٹے جب وہ چن لے تو کیوں نہیں پوچھا کرتے، سر جھکاتے ہیں، صبر کرتے ہیں اور اسے" بہادری سے حل کرتے ہیں۔"ماں کے چہرے پر برسوں کا سکوں تھا۔

"ماں پھر تو آزمائش پسندیدہ بندوں کی ہوتی ہو گی؟ "

بیٹے وہ ہر ایک سے محبت کرتا ہے، مگر وہ چند کو آزمائش کے لیے چنتا ہے،اور جو کامیاب ہوتا" "ہے اس سے خوش ہوتا ہے۔

www.novelsclubb.com

"ماں کیا یہ جنگ ہماری ہے؟"

"نہیں، بیٹے یہ جنگ، یہ آزمائش صرف ہماری نہیں امت مسلمہ کی ہے۔"

"مگر کیسے ماں سہ تو صرف ہم رہیں ہیں۔"

بیٹے ایک آزمائش سہنا ہوتی ہے، ایک آزمائش اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہونا"
"ہوتی ہے۔

"تو پھر ان کی آزمائش آسان ہوئی نہ ماں۔۔"

نہیں بیٹے، ہم دونوں کی آزمائش مختلف ہے مگر ایک سی ہے، کھڑے ہونا جرأت کا کام ہے اور"
ہر ایک میں جرأت نہیں ہوتی کہ وہ کسی کی مدد کرے، ہر ایک میں احساس نہیں ہوتا کہ وہ کسی
کے لیے کھڑا ہو، کسی کے لیے اپنی پسند چھوڑے، یہ ہمت والوں کا کام ہے بلکہ جنہیں وہ چن
"لے ان کا کام ہے اور وہ ہر کسی کو نہیں چن لیتا۔

....................

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM

FB/INSTA:NOVELSCLUBB

نایاب آؤ کینٹین چلیں؟"آمنہ نے اپنی دوست سے کہا۔"

"ہاں چلو، مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے۔"

تھوڑی ہی دیر میں وہ دونوں کینٹین کا دروازہ عبور کر چکی تھی۔

میں نے لیز کھانے ہیں، تم بتاؤ کیا لو گی؟"نایاب نے اپنا انتخاب بتایا۔"

www.novelsclubb.com

"لیکن نایاب لیز اسرائیلی پراڈکٹ ہے، تم اس کا آلٹرنیٹو لے لو۔"

"نہیں مجھے لیز بہت پسند ہے، اور میرے بائکاٹ سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔"

لیکن۔۔۔، تم نے نہیں لینا تو تم نہ لو۔"نایاب نے آمنہ کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔"

"اور عائشہ وہاں سے کچھ لیے بغیر واپس چلی گئی شاید اب بھوک مر گئی تھی۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

ماں ہم تو اتنی دور ہیں کوئی ہمارے ساتھ کیسے کھڑا ہو سکتا ہے، یہ تو صرف حکومتیں کر سکتی ہیں"

"نہ، عام بندے کے لیے تو مشکل ہے تو پھر وہ کیسے چنے جا سکتے ہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

بیٹے ضروری نہیں کوئی ہمارے ساتھ بیٹھا ہو، کوئی امیر ہو، کوئی سیاستدان ہو تو ہی وہ ساتھ ہے"

"یا چنا ہوا ہے، یا یہ اسی کی آزمائش ہے بلکہ یہ سب کی آزمائش ہے۔

"وہ کیسے؟"

جیسے بیٹے کوئی ہمارے لیے دعا کر دے، ہمارے لیے بے شک آ ئے نہ، مگر انٹرنیٹ جیسی" سہولت پر آواز اٹھالے، ہمارے لیے احتجاج کرے، اسرائیل کی چیزوں سے بائکاٹ کر لے "، مطلب یہ کہ وہ اپنے اختیار میں موجود چیزیں کر لے۔

"ماں چیزوں کے بائکاٹ سے کیسے, مطلب چیزوں سے تھوڑی ہمارا نقصان ہوتا ہے ؟"

بچے چیزوں سے مراد وہ چیزیں جنہیں اسرائیل اون کر رہا ہے، جس سے اسرائیل کو پرافٹ ہو" رہا ہے، جس پرافٹ سے وہ بم، گولیوں کا انتظام کرتے ہیں، یا ان کو بناتے ہیں اور وہ ہم اور مسلمان بھائیوں پر چلاتے ہیں اور ناجانے ان سے کتنے لوگ شہید ہوتے ہیں، تو اگر وہ ان کی پراڈکٹس نہ استعمال کرے تو پھر اسرائیل کو نقصان ہوگا ہے وہ زیادہ اسلحہ نہیں بنا پائے گا وہ سٹینڈ نہیں کر پائے گا اور جہاں روز پچاس لوگ شہید ہوتے وہی چالیس ہوں گے، آہستہ آہستہ دس "ہوں گے مگر پھر سکون ہوگا۔

www.novelsclubb.com

ماں اگر ہم پر بھی آج ہی حملہ ہو گیا تو؟"اب کی بار بچے کی آنکھ میں خوف تھا۔"

بیٹے وہی ہے جو مالک ہے آسمانوں کا اور زمینوں کا اور وہی ہے جو مالک ہے زندوں کا، مردوں کا"
اور مرنا ہم سب نے ہے ایک دن اور اپنے مقررہ وقت پر مرنا ہے، موت برحق ہے۔ تو اس سے
"کیا ڈرنا بچے۔

"مگر ماں موت تو موت ہے نہ ڈر تو لگتا ہے۔"

جن کے ایمان مظبوط ہو وہ موت سے نہیں ڈرا کرتے بچے بلکہ موت کے بعد تو ہم اللہ سے ملے"
"گے نہ تو یہ اچھی بات نہ ہوئی۔

www.novelsclubb.com

مگر ماں موت جو میرے باپ کو، میرے بہن، بھائیوں کو مجھ سے دور لے گئی وہ اچھی کیسے" ہو گئی۔"اب کی بار آنکھوں میں کرب تھا۔

"بیٹے ان کا وقت اتنا اور ایسے ہیں لکھا تھا، اگر آج یہ سب نہ ہو رہا ہوتا تب بھی ان کی موت کا وقت تبھی تھا، ہر انسان کا وقت مقرر ہے باقی سب تو بہانے ہیں بچے، اور میرے بچے وہ تو پھر شہید ہیں اور شہید تو مردہ نہیں ہوتا بلکہ زندہ ہوتا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"اللہ قرآن میں کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی راہ کے شہیدوں کو مردہ مت کہو وہ زندہ ہیں، لیکن تم نہیں سمجھتے۔"(البقرۃ:154) بچے وہ اللہ کے پاس زندہ ہیں۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

"ماں اللہ کا شکر ہے یہ تو۔۔"

ہاں بیٹے اس کا شکر ہے، جو کچھ اس نے ہمیں دیا، جس حال میں اس نے رکھا، اور اس کا شکر "
". ہے جو اس نے ہمیں مسلمان بنایا ہے، ہر چیز میں اسکا شکر ہے

الحمدللہ "اب کی بار دونوں ماں بیٹے نے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے کہاں۔ قریب سے بم،"
دھماکوں کی آوازیں بھی آرہی تھی مگر وہ رب کا شکر ادا کرنے میں مصروف تھے۔

______________________

www.novelsclubb.com

یہ کہانی یہیں روک کر اب اپنی روزمرہ کی کہانی کی طرف آتے ہیں، ہمارے آس پاس ایسے کتنے ہیں لوگ ہیں جنہیں لگتا ہے ان کے بائیکاٹ سے کیا ہو گا، ایک لے رہے ہیں صرف تو اس سے کیا فرق پڑے گا، یاد رکھے فرق پڑنا نہ پڑنا بعد کی بات ہے پہلے بات ہے کہ ہم اپنی آزمائش میں کیسے ہیں، ہم بائکاٹ کر رہیں ہیں یا نہیں، ہم آواز اٹھا رہیں ہیں یا نہیں، ہم دعا کر رہے ہیں یا نہیں

،ہم اپنے حصے کا کام کر رہیں ہیں یا نہیں، ہمیں پہلے خود کے حصے کے کام کرنے ہیں تا کہ روز قیامت جب ہم سے پوچھا جائے تو ہم کچھ بتانے کے قابل ہو اور خدارا ظلم کے خلاف بولے ،اگر کوئی ظلم کے خلاف نہیں بولتا تو وہ بھی ظالم ہے۔باقی میری اللہ سے دعا ہے کہ ہمارے فلسطینی بہن ،بھائیوں کی مدد کرے اور ان کے لیے آسانی فرمائے اور اسرائیل کو نسعتو و نابود کر دے آمین۔

www.novelsclubb.com


WWW.NOVELSCLUBB.COM
FB/INSTA:NOVELSCLUBB